# مُناظرہ

# اِمام جعفر بن محمد الصادِق
قدس سرہ العزیز

افادات

مفکرِ اسلام کنز العلماء بحر العلوم

## مولانا مفتی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
مدظلہ العالی

صراطِ مُستقیم پبلیکیشنز
6-5 مرکز الاویس دربار مارکیٹ لاہور
042-37115771-2, 0315 / 0321 - 9407699

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مناظرہ

# امام جعفر الصادق

قدس سرہ العزیز

## حصہ سوم

بسم الله الرحمن الرحیم
رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي

رضیت بالله ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا ورسولا
الله اکبر الله اکبر الله اکبر لبیک لبیک لبیک یارسول الله
الحمد لله رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسوله
الکریم وعلی اله واصحابه اجمعین اما بعد

فاعوذ بالله من الشیطن الرجیم
بسم الله الرحمن الرحیم
الم ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ

صدق الله العظیم وصدق رسوله النبی الکریم الامین
إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا
الصلوۃ والسلام علیک یاخاتم النبیین
وعلی الک واصحابک یاخاتم المعصومین
مَوْلَايَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلَى حَبِيبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ واتم برہانہ واعظم شانہ وجل ذکرہ وعز اسمہ کی حمد وثناء اور حضور سرورِ کائنات م، فخر موجودات، زینت بزم کائنات، دستگیر جہاں، غم گسار زماں، سید سروراں، حامی بے کساں، قائد المرسلین، خاتم النبین، احمد مجتبیٰ، جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم کے دربار گوہر بار میں ہدیہ درود وسلام عرض کرنے کے بعد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رب ذوالجلال کے فضل اور توفیق سے تاجدار صداقت، خلیفۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا فصل، امیر المومنین، حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے موضوع پر کئی خطبات جمعہ پڑھائے گئے اور اس سلسلہ میں گزشتہ جمعہ گوجرانوالہ میں قطعیت افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سیمینار بھی ہوا اور اس سے پہلے دو جمعوں میں

## افضلیتِ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک رافضی سے مناظرہ

کے پہلے دو پارٹ بیان ہو چکے ہیں اور آج اس مناظرے کا تیسرا اور اختتامی پارٹ ہے۔

دوسرے پارٹس کے آخر میں آپ نے دیکھا کہ جو رافضی کے پاس خصوصی طور پر مواد تھا وہ تو ختم ہو چکا تھا کیونکہ اس کے ہر اعتراض پر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسے احسن طریقے سے جواب دے چکے تھے۔

اس کے بعد اس نے مطلقاً مختلف قسم کے اعتراضات کرنا شروع کر دیے۔

## رافضی کی تیرہویں دلیل

تیرہویں نمبر پر اس نے حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ سے پوچھا

**توجد خلافة ابی بکر و عمر و عثمان و علی فی القرآن؟**

کیا قرآن مجید، برہان رشید میں چار یاروں کی خلافت راشدہ کا ذکر ہے؟

چونکہ یہ لوگ شروع سے خلافت راشدہ کے Opposition (مخالف) ہیں اور خلافت راشدہ کے منکر ہیں اس وجہ سے اس رافضی نے چاروں کے لحاظ سے پوچھا۔ حضرت مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ کو چونکہ وہ چوتھا نہیں مانتے وہ بلا فصل ہی مانتے ہیں تو اس ترتیب سے چاروں کی خلافت کے بارے میں کہا کیا قرآن مجید میں موجود ہے

**قال: نعم**

توحضرت امام جعفر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ہاں

قرآن مجید، برہان رشید میں چاروں کی خلافت موجود ہے اور ساتھ فرمایا

**وفی التوراۃ والانجیل**

قرآن مجید کے علاوہ تورات اور انجیل میں بھی موجود ہے۔

اس کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق نے آیات پڑھیں

**وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ**

کنز الایمان: اور وہی ہے جس نے زمین میں تمہیں نائب کیا۔

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ۔[1]

اور تم میں ایک کو دوسرے پر درجوں بلندی دی۔

یہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۃ انعام کی آیت پڑھی۔

اور ساتھ ہی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۃ نمل کی یہ آیت پڑھی

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ۔[2]

یا وہ جو لاچار کی سُنتا ہے جب اُسے پکارے اور دُور کر دیتا ہے بُرائی اور تمہیں زمیں کا وارث کرتا ہے۔

یعنی اللہ تعالی کے بارے میں یہ قرآن مجید میں تذکرہ آرہا ہے: اللہ کے سوا کون ہے ایسی ذات اللہ ہی ہے جو یہ سارے کام کرتا ہے؟ ہماری مدد کرتا ہے، مصیبتیں دور کرتا ہے اور زمیں میں تمہیں خلافت عطا کرنے والا ہے پھر آپ نے سورۃ نور کی آیت پڑھی

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ

ضرور انہیں زمیں میں خلافت دے گا

یعنی جب قرآن اترا تو مستقبل میں خلافت دینے کا وعدہ تھا کہ

كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔[3]

جیسی اُن سے پہلوں کو دی۔

---

(۱) پارہ:8، سورۃ الانعام، الآیۃ:165۔

(۲) پارہ:20، سورۃ النمل، الآیۃ:62۔

(۳) پارہ:18، سورۃ النور، الآیۃ:55۔

تو یہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کے متعلق گفتگو کی کہ کیاان چاروں کی خلافت کا ذکر قرآن مجید میں ہے یا نہیں؟ تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تین آیات پڑھ کر یہ جواب دیا کہ ان آیات میں جس خلافت کا ذکر ہے وہ ان چاروں کی خلافت ہے اور قرآن مجید میں اس کا تذکرہ موجود ہے۔

## رافضی کا سوال

اس پر رافضی نے کوئی جرح نہیں کی اور اب اس نے چودھویں نمبر پر پوچھا

یابن رسول ﷺ فاین خلافتھم فی التورۃ والانجیل؟

چلو یہ تو آپ نے بتادیا کہ قرآن مجید، برہان رشید میں ان چاروں کی خلافت کا ذکر ہے۔ اب یہ بتاؤ تورات اور انجیل میں کہاں ذکر ہے؟ جو آپ نے میرے سوال کے جواب میں اپنے طور پر یہ بھی فرمایا کہ قرآن میں بھی ہے، تورات اور انجیل میں بھی ہے تو تورات اور انجیل میں ان کی خلافت کا کہاں ذکر ہے؟

قال لہ جعفر

تو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تفصیل کے ساتھ سورۃ فتح کی آیات پڑھیں اور ان آیات کے لحاظ سے یہ جو مطلب تھا وہ بیان کیا

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

محمد اللہ کے رسول ہیں

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ۔[1]

اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت، آپس میں نرم دل ہیں

(1) پارہ:26، سورۃ الفتح، الآیۃ:29۔

یہاں تک آیت ہے۔ آگے امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ کی تفسیر ہے کہ قرآن مجید میں سب سے پہلے تو رسالت کا ذکر ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ یہ ذکر کر کے پھر اللہ رب العزت جل جلالہ فرماتا ہے

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ

جو رسول اللہ کی معیت میں ہیں، سنگت میں ہیں، صحبت میں ہیں تو سنگت میں پہلا نمبر صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کا ہے۔

ویسے تو سارے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو معیت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاصل ہے۔

آگے آیت ہے:

اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ

وہ جو ساتھ ہیں وہ کافروں پر سخت بڑے ہیں

امام جعفر صادق کہتے ہیں اس میں

عمر بن الخطاب

حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا ذکر ہے

رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

آپس میں بڑے نرم دل ہیں، رحیم کریم ہیں اس سے مراد

عثمان ابن عفان

یہاں خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ مراد ہیں۔

تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا

علی بن ابی طالب

تم دیکھو گے یعنی صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حالت رکوع میں، حالت سجدہ میں دراں حال کہ وہ اللہ کا فضل ڈھونڈ تے ہیں اور اللہ کی رضا ڈھونڈ تے ہیں۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس سے مراد کون ہیں کہا حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

تو فرمایا کہ چاروں کی خلافت کا ذکر اس طرح اس آیت کے اندر لکھا ہے:

سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ

کنزالایمان: ان کی علامت اُن کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت انجیل میں۔

امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی طرف سے

سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ

کی تفسیر کرتے ہوئے یہ لفظ پڑھے فرمایا کہ

اصحاب محمد المصطفی ﷺ

اس سے مراد محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام علیہم الرضوان ہیں۔

ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ؟

جس وقت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آیت کریمہ پڑھ کے سنائی تو اتنا واضح تذکرہ آیا کہ خلفاء راشدین کی مثال تورات میں بھی ہے اور انجیل میں بھی ہے

## رافضی کا ایک اور سوال

قال ما معنی فی التوراۃ والانجیل؟

تو رافضی نے کہا توراۃ اور انجیل میں ہونے کا کیا مطلب ہے؟

یعنی یہاں قرآن کے اندر جو تورات اور انجیل میں ان کے تذکرے کا حوالہ دیا جارہا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟

قال

تو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا

یعنی اس بیس پر مطلب بیان فرمایا کہ بات تو بڑی واضح ہے اور تو جان بوجھ کر پاگل ابنا ہوا ہے اور بار بار سوال کر رہا ہے۔ تجھے سمجھ ساری آئی ہوئی ہے اور تو جان بوجھ کے ایسی باتیں کر رہا ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

محمد رسول اللہ

پہلے تو ذکر ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا

والخلفاء من بعدہ أبی بکر و عمر و عثمان و علی

آپ کے بعد آپ کے خلفاء ہیں۔

یہاں کتابت کے لحاظ سے نسخے میں کچھ فرق ہے

ثم لکزہ

پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے پیٹ پر دھکا مارا۔

یعنی جب سامنے بیٹھا وہ مناظرہ کر رہا تھا تو آپ نے زور کے ساتھ اپنے ہاتھ کے ساتھ اس کے سینے پہ ضرب لگائی۔

اور یہ ضرب لگانے کا مقصد یہ تھا کہ اس کا کفر ٹوٹے اور اسے سمجھ آجائے کیونکہ وہ جعفری ضرب تھی امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنی نے جب وہ ضرب لگائی تو ساتھ کہا

ویلك

تو تباہ ہو جائے

قال اللہ تعالی

اللہ تعالی قرآن مجید میں اسی مقام پر خود فرما رہا ہے۔

## امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا استدلال

یہ جتنا حصہ پہلے پڑھ چکے تھے اسکے بعد اسی جگہ سے اگلا حصہ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے پڑھا اور ساتھ اس کی تفسیر کی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ

ان کی مثال توراۃ میں اور ان کی صفت انجیل میں ہے

اللہ تعالی نے کیسے مثال دی؟

كَزَرْعٍ

جیسے ایک کھیتی ہو

أَخْرَجَ شَطْأَهُ

اس کھیتی نے اپنا پٹھا نکالا ہو۔

یعنی جس وقت بیج بیجنے کے بعد بیج اگتا ہے تو سب سے پہلے کونپل نکلتی ہے یہ پٹھا نکالنا ہے، یعنی اس کا آغاز ہے

اور اس کے بعد اس کو ضرورت ہوتی ہے کہ اس نرم و نازک کونپل کے اندر کچھ پختگی آئے اور ارد گرد شدت موسم کی ہواؤں کی اس سے وہ محفوظ ہو تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ

پھر اسکو طاقت دی۔

پہلے اَخْرَجَ ہے

پھر اُزَرَہ ہے

تو امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ یہاں اسلام کی کھیتی کا ذکر ہے۔ اسلام کے آغاز کا ذکر ہے کہ جس نے قیامت تک جانا تھا اور جو اسلام کی کھیتی کی کونپلیں نکلیں تھیں ان کو کس نے طاقت دی؟ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں

اُزَرَہُ ابو بکر

یعنی اسلام کے لیے سب سے پہلے جنکی خدمات تھیں وہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

آگے ہے فَاسْتَغْلَظَ

اور فَاسْتَغْلَظَ کا مطلب یہ ہے کہ پھر شگوفے کی ڈنڈی وہ موٹی ہو گئی یعنی جس طرح فصل اگتی ہے پہلے نرم و نازک شگوفہ ہوتا ہے پھر تنہ بن جاتا ہے چونکہ آگے پھول پھل بننے سے پہلے پہلے تنا مضبوط ہوتا ہے تو کہتے ہیں

فَاسْتَغْلَظَ عمر

یعنی اسلام کے گلشن میں یہ پودے لگے تھے ان کے تنے کو مضبوط حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا۔ کیونکہ

فَاسْتَغْلَظَ

عربی زبان میں لفظ "غلیظ" کا مطلب ہوتا ہے موٹا ہونا اس لیے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اسلام کے ان تنوں کو موٹا کیا، اسلام کی نشوونما کی پھر

فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ

پھر سوق (یہ ساق سے ہے) یعنی پنڈلی پر سیدھا کھڑا ہوا۔

جس طرح بندے کی پاؤں کی پنڈلی ہوتی ہے تو وہ اس پہ چلتا پھرتا ہے، کھڑا ہوتا ہے تو درخت کی پنڈلی اس کا تنا ہے۔ تو پہلے شگوفہ نرم و نازک تھا پھر اس کا تنا مضبوط ہوا اور اس کے بعد پھر وہ پودا

فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ

پودا اپنی پنڈلی پہ سیدھا کھڑا ہو گیا۔

یہ تیسرا مرحلہ تھا گلشن اسلام میں پودوں کا تو امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا

فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ عثمان ابن عفان

گلشن اسلام کا تیسرے سٹیپ کا کردار وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ ہیں۔

اور آگے کہتے ہیں آیت ہے

یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِہِمُ الْکُفَّارَ

کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ اُن سے کافروں کے دل جلیں۔

کبھی وہ زمانہ تھا کہ نرم و نازک شگوفہ تھا، پھر تنا کچھ مضبوط ہوا، پھر یہ اپنی پنڈلی

یہ سیدھا کھڑا ہو گیا، اب جو کاشت کار ہیں جب وہ اپنی فصل اس اسٹیج پر دیکھتے ہیں ان کی آنکھیں خوش ہوتی ہیں کہ کیسی رونق لگ گئی ہے۔

یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ

یعجب کے اندر ضمیر ہی اس کا فاعل ہے مطلب یہ کہ یہ کھیتی کسانوں کو تعجب میں ڈالتی ہے۔

یعنی انہیں بڑی اچھی لگتی ہے۔ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں کہ دیکھو کبھی چٹیل میدان تھا، کچھ بھی نہیں تھا اور اب یہ کتنی رونق اور ہرا بھرا ماحول ہے اور کس قدر ہریالی اور جب ہوا کے چلنے سے وہ کھیتی لہراتی ہے تو کسان اسے دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔

## دیہاتیوں کے لیے دین فہمی

الزُّرَّاعَ یہ زارع کی جمع ہے جس کا مطلب ہے "زراعت والے لوگ"

ہمارے استاد بندیالوی صاحب فرماتے تھے کہ دین دیہاتوں والے لوگوں کو اچھا سمجھ آتا ہے کیونکہ قرآن وسنت میں اس کی مثال دے کر بات سمجھائی گئی ہے مثلاً کاشت کرنا، بونا، اس کا اگنا، پھر پانی دینا، پھر پھلنا پھولنا، گوڈی کرنا۔

جب قرآن مجید، برہان رشید نازل ہوا تو یہ ساری چیزیں معاشرے میں موجود تھیں یعنی ایسا نہیں تھا کہ جو چیز آج فیکٹری میں بن رہی ہیں تو اس پر قرآن مجید، برہان رشید نے ساری مثالیں دیں۔

اور جب ان چیزوں سے مثالیں دی جائیں جو معاشرے میں لوگوں کے سامنے ہوں تو ان سے سب کچھ سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ اب اگر کوئی آج کا بچہ کہ جس

نے نہ گندم کی بیجائی دیکھی ہے، نہ اُگتی دیکھی ہے، نہ وہ ایک بالشت ہو جائے وہ مقدار دیکھی ہے، نہ اس پہ جب خوشے لگتے ہیں وہ دیکھی ہے اس کے لیے تو پہلے وہ ساری چیزیں اجنبی ہیں، ان کے ساتھ تشبیہ دی جا رہی ہے۔

تشبیہ تو اس لیے دی جا رہی ہے کہ وہ اشیاء تو پہلے معروف ہیں اور ان کے ذریعے اس کا بھی پتہ چل جائے اور اس معروف شے کا بھی پتہ نہ ہو تو ان کے لیے کام ڈبل ہو جائے گا۔

اور یہ صرف ایک مثال نہیں ایسی ہزاروں مثالیں ہیں جو قرآن وسنت میں دیہاتی ماحول کی موجود ہیں اگرچہ مکہ مکرمہ شہر تھا اور مدینہ منورہ شہر تھا لیکن اس ماحول میں جب قرآن مجید، برہان رشید نازل ہو رہا تھا تو ان ساری مثالوں کو بیان کرنے کا مقصد بات کو سمجھانا تھا۔

یعنی نام کھیتی کا ہے، نام کونپل کا ہے، نام ایک پودے کے تنے کا ہے، نام اس کے سیدھا کھڑے ہو جانے کا ہے اور مراد آغاز اسلام ہے، ابتدائی حالات ہیں، پھر اس سے مزید آگے ترقی ہے، پھر اس سے آگے کا مرحلہ مراد ہے۔

یہ چار سٹیپ قرآن مجید، برہان رشید میں رب ذوالجلال نے بیان کیے اور مقصد یہ تھا کہ ان چاروں حضرات کے عہد خلافت کے جو کام ہیں، کارنامے ہیں ان کو واضح کرنا۔

تو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ

اچھی کھیتی دیکھ کر کاشتکاروں کو تو بڑی خوشی ہوتی ہے لیکن اسی کاشتکار کا کوئی دشمن ہوا سے یہ کھیتی دیکھ کر خوشی نہیں ہوتی۔ وہ تو اس کاشتکار کو ناکام دیکھنا چاہتا ہے۔ وہ یہ چاہے گا میں یہ کھیتی جلادوں یا کسی طرح یہ خشک ہو جائے۔

تو اللہ تعالی فرماتا ہے

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ

نوٹ: اگر فاعل اللہ تعالی کو بنائیں تو مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ تعالی کسانوں کو خوش کرتا ہے کیوں؟

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ

تا کہ اس کے ذریعے سے کافروں کا دل جلے۔

## شان صحابہ سے جلنے والے کا انجام

اب جو مشابہت دی جارہی تھی یہاں آ کے وہ لفظ ظاہر کر دیا گیا۔ یعنی پہلی سب شانیں صحابہ کرام علیہم الرضوان کی ہیں آگے جو مخالفین صحابہ ہیں ان کا تذکرہ ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فصل کاشت کی۔ فصل پھلی پھولی۔ اس سے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم تو بڑے خوش ہیں کہ میں نے جماعت صحابہ کرام علیہم الرضوان تیار کی لیکن اس کے ساتھ ہی جو کافر ہیں ان کے دل جل رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی امام مالک رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا جو صحابہ کی شان سن کر جلے وہ کافر ہوتا ہے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے وہ انہیں کیوں شان دیتا ہے

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ

تا کہ اس کے ذریعے سے کافروں کے دل جل جائیں

لفظ کفار کافروں پر بولا گیا۔ جو اس کھیتی کو دیکھ کر جلتے ہیں۔ صحابہ علیہم الرضوان کی جماعت، ان کے کردار کو دیکھ کر جو جلتے ہیں قرآن ان کو کافر کہہ رہا ہے

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ

پہلے ساری صورتحال تشبیہ کی شکل میں آئی لیکن رب نے آگے واضح لفظ بول دیا تو یہاں امام جعفر صادق کہتے ہیں

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ علی ابن ابی طالب

جن کی وجہ سے گلشن اسلام کسان کو بڑا اچھا لگتا ہے اور وہ دیکھ کے خوش ہوتے ہیں وہ منظر مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ کا ہے۔

یہ منظر حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے کہ ادھر کافر دیکھ کر جلتے ہیں۔

اس طرح امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چار خلافتوں کے کردار آیت سے ثابت کیے اور اس چیز کو بھی واضح کیا کہ یہ تذکرہ تورات میں بھی ہے اور یہ تذکرہ انجیل میں بھی ہے۔

اس تفسیر کی روشنی میں انہوں نے اس مناظرے میں اس رافضی کے سامنے یہ بیان کیا اور یہ واضح کیا کہ صحابہ علیہم الرضوان کے تذکرے سے خوش ہونا یہ فطرت ہے اور یہ اللہ تعالی کی سنت ہے اور اس کی دی ہوئی توفیق ہے۔

اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے تذکرے سے جلنا کفر ہے کہ کھیتی اسلام کو خوشحال دیکھنے سے خوشی ہونی چاہیے اور جو اس سے جلتا ہے تو پھر وہ دشمن اسلام ہے۔

اس بنیاد پر قرآن مجید میں ان پر کفار کا لفظ بولا گیا اور یہ بہت بڑا استدلال ہے آئمہ کا جو عقیدہ کے لحاظ سے یہاں امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گفتگو کی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے آگے ذکر کیا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے

{وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا} اصحاب محمد رسول اللہ ﷺ رضی اللہ عنہم

اللہ نے وعدہ کیا ان سے جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے ثواب کا۔

امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے جب اجرا عظیما تک آیت پڑھی تو فرمایا

اصحاب محمد رسول اللہ ﷺ رضی اللہ عنہم

کہ یہ سارا اصحاب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ ہے۔

میرے کریم سے قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیے ہیں در بے بہا دیے ہیں

## ترتیب خلافت وشان خلفائے اربعہ

اب رافضی کی بولتی تو بند ہو چکی لیکن آپ رضی اللہ تعالی عنہ اس کو چھوڑ نہیں رہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ اس کو مزید سمجھاتے ہیں

ویلک

تو تباہ ہو جائے۔

مراد یہ ہے کہ تیری اصلاح ہو جائے اس واسطے یہ سخت لفظ دوبارہ بولے اور اس کے سینے پر آپ اپنا پنجا بھی مار چکے تھے۔ اب آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے آیت

کے بعد ایک حدیث بیان کی فرمایا

حدثنی ابی عن جدی عن علی ابن ابی طالب

میرے ابا جی نے میرے دادا جی سے روایت کیا اور میرے دادا جی نے مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا اور مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ نے خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سن کر یہ روایت کیا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا قیامت کہ دن تک کا منظر

اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْهُ

قیامت کے دن سب سے پہلے جس کے اوپر سے زمیں پھٹ کے پیچھے ہٹ جائے گی اور وہ باہر نکلے گا وہ میری ذات ہے۔

وَلَا فَخْرَ

اور اس پر میں کوئی فخر نہیں کرتا۔ لیکن یہ عظمت مجھے رب نے دی ہے میں سب سے پہلے اپنے روضہ پاک سے باہر نکلوں گا۔

ویعطینی اللہُ من الکرامۃ مالم یعط نبی قبلی

اور اللہ مجھے وہ شان دے گا جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں ملی۔

قیامت کے دن بھی جب کسی کا کوئی Protocol (پروٹوکول) نہیں ہوگا تو جب میں اپنے روضہ پاک سے باہر نکلوں گا تو میرے لیے وہ انتظامات ہوں گے، وہ لباس ہوگا، اس طرح کی چیزیں مجھے میرا رب عطا فرمائے گا

مالم یعط نبی قبلی

جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں ملا۔ پھر فرمایا

ثم ینادی

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ آواز دے گا

قَرِّبِ الْخُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِكَ

محبوب آپ اپنے خلفاء کو بھی نزدیک بلالو۔

یعنی محشر کے دن رسول پاک ﷺ سب سے پہلے اپنے روضہ پاک سے باہر نکلیں گے اور اللہ کی طرف سے مزید اعزاز ملے گا۔ کیونکہ اللہ رب العزت فرماتا ہے

وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی۔ [1]

کنزالایمان: اور بے شک پچھلی تمہارے لیے پہلی سے بہتر ہے۔

تو یہ اللہ رب العزت کی طرف سے انہیں اعزاز ملا کہ جو اور کسی نبی کو نہیں ملا اور پھر اللہ رب العزت کی طرف سے آواز آئے گی، رب تعالیٰ فرمائے گا

قَرِّبِ الْخُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِكَ

آپ کے بعد جنہوں نے اس امت کا بوجھ اٹھایا اور آپ کے خلیفہ قرار پائے ان کو قریب کرلو۔

تو یہاں پر لفظِ خلفاء بولا جائے گا تو خلافت چونکہ رسول پاک ﷺ کی کئی قسم کی ہے اس واسطے رسول پاک ﷺ سوال کریں گے

یارب ومن الخلفاء

کون سے خلفاء؟

---

(۱) پارہ:30، سورۃ الضحیٰ، الآیۃ:4۔

چونکہ حدیث شریف میں یہ بھی ہے کہ ہمارے آقا ﷺ نے فرمایا

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ خُلَفَائِیْ

اے اللہ میرے خلفاء پہ رحم فرما۔

تو یہاں جو خلافت مراد تھی وہ آج بھی جاری ہے، مل رہی ہے کیسے؟

وَمَنْ خُلَفَاؤُكَ؟

صحابہ نے پوچھا: جو آپ دعا مانگ رہے ہیں میرے خلفاء پہ رحم فرما یہ خلفاء کون ہیں؟

تو پیارے آقا ﷺ نے فرمایا

اَلَّذِیْنَ یَاْتُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ یَرْوُوْنَ أَحَادِیْثِی۔[1]

جو قیامت تک میری حدیث کو پڑھائیں گے وہ میرے خلفاء ہیں۔

اتنے بڑے منصب کو آپ ﷺ نے خلافت سے تعبیر کیا کہ جو میری حدیث اپنی زبان سے بیان کریں گے وہ میرے خلیفہ ہوں گے تو میں ان کے لیے دعا کر رہا ہوں کہ اے اللہ ان کو برکت دے

پتہ چلا کہ لفظ خلیفہ کئی معنوں میں آتا ہے تو یہاں محشر میں جس خلافت کے متعلق کہا جا رہا ہے کہ یہاں پر کون سی خلافت مراد ہے اور پیارے مصطفیٰ کریم ﷺ تو جانتے ہیں اسی لیے تو دنیا میں بیان کر رہے ہیں کہ میں کہوں گا

ومن الخلفاء؟

اے اللہ وہ کون سے خلیفہ ہیں؟

---

(۱) الترغیب الترہیب، کتاب العلم، الترغیب فی العلم، 1/ 62، الحدیث: 154، دار الکتب العلمیہ۔

تو مطلب یہ تھا کہ اللہ اپنی طرف سے یہ بتا دے تو اس سے خلفاء کی شان دنیا والوں پر مزید واضح ہو جائے گی۔

فیقول: عبد اللہ بن عثمان ابو بکر الصدیق

اللہ رب العزت فرمائے گا کہ عبد اللہ بن عثمان یعنی ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے نمبر والے کو پہلے قریب کرو۔

تو رسول پاک ﷺ فرماتے ہیں:

فاول من ینشق عنہ الارض بعدِی ابو بکر

میرے بعد جس کے اوپر سے زمیں ہٹے گی وہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

تو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی طرف سے مزید یہ حدیث بیان کر کے اس رافضی کے اندر سے گند کا پورا صفایہ کرنا چاہتے ہیں۔ فرمایا کہ

اول من ینشق عنہ الارض

حالانکہ اولیت تو سرکار کو مل چکی ہے سرکار پھر بھی اول کا لفظ بول رہے ہیں۔ مطلب میری امت میں پہلے نمبر پر، سب سے پہلے جن کے اوپر سے زمیں پھٹ جائے گی، اوپر سے زمیں ہٹ جائے گی اور میرے بعد وہ نکلیں گے وہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں

فیوقف بین یدی اللہ

انہیں اللہ کے دربار میں کھڑا کیا جائے گا

## فیحاسب حساباً یسیراً

ان کا بڑا آسان سا حساب ہو گا

## فیکسی حلتین خضراوتین

ان کو دو سبز رنگ کی پوشاکیں پہنائیں جائیں گی۔

یہ سارا منظر سرکار دو عالم ﷺ بیان کر چکے ہیں اور دنیا میں یہ بیان سنی ہی کر سکتا ہے کیونکہ شیعہ کو یہ راس ہی نہیں آئے گا اور دوسری طرف خارجی، ناصبی وہ تو سرکار دو عالم ﷺ کے لیے کل کا علم ہی نہیں مانتے تو قیامت کے بعد کا وہ کیسے مانیں گے کہ سرکار یہ بھی بتا رہے ہیں کہ قیامت کے بعد یہ ہو گا کہ

## فیکسی حلتین خضراوتین

حالانکہ پوشاک پورا سوٹ ہوتا ہے تو دو مستقل پوشاکیں انہیں پہنائی جائیں گی یعنی اللہ کے دربار میں کھڑا کر کے اعزاز کے ساتھ پہنائی جائیں گی۔

## ثم یوقف أمام العرش

پھر انہیں عرش کے سامنے کھڑا کیا جائے گا۔ یہ امت میں پہلے نمبر والے ہیں رسول پاک ﷺ ان کا قیامت کے دن کا پہلا نمبر بھی امت کے لحاظ سے بیان کر رہے ہیں اس انداز میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اعزاز سے نوازا جائے گا۔

## ثم ینادی منادٍ

پھر اعلان کرنے والا اعلان کرے گا۔

## این عمر بن الخطاب؟

عمر بن خطاب کہاں ہیں؟

یہ ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے یاروں کی شان کہ قیامت کے دن جب اربوں، کھربوں لوگ ہوں گے تو ان کا نام لے کر ان کو پکارا جائے گا۔ پہلے تو مطلقا سارے خلفاء کو قریب کرنے کا حکم دیا جائے گا ور پھر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ اوران کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالی منہ کا نام لے کر اعلان ہوگا۔

فیجئُ عمر

توحضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ دربار خداوندی میں حاضر ہوں گے

وأوداجه تشخب دماً

اور رگوں سے تازہ خون بہہ رہا ہوگا۔

یعنی جوآپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہوئی وہ شہادت کا خون تازہ ہے۔

وہ آکر کھڑے ہوں گے تو اللہ تعالی فرمائے گا

من فعل بك هذا؟

یہ کس نے آپ کے ساتھ ایسا کیا؟ آپ پہ کس نے ظلم کیا؟

فَيَقُوْلُ: عبد المغيرة بن شعبة

مغیرہ بن شعبۃ کا غلام مجوسی تھا جس نے میرے ساتھ ایسا کیا۔

فيوقف بين يدى الله

توحضرت عمر کو اللہ تعالی کے سامنے اعزاز کے ساتھ کھڑا کیا جائے گا۔

ويحاسب حساباً يسيراً

اور آسان آسان حساب ہوگا۔

## ویکسی حلتین خضراوتین

اور انہیں بھی دو سبز پوشاکیں پہنا دی جائیں گی۔

## ویوقف أمام العرش

ان کو بھی پھر عرش کے سامنے کھڑا کیا جائے گا۔

یعنی جب لوگ ذلت کے گڑھے میں گرے ہوں گے اس وقت اِن ہستیوں کو عرش پر نمائندگی دی جائے گی، عرش کے سامنے ان کو کھڑا کر دیا جائے گا۔

اور یہ بات مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سن کر آگے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہچائی پھر امام زین العابدین اور پھر امام باقر اور پھر امام جعفر صادق سے ہوتی ہوئی ہم تک پہنچی یعنی اہل بیت کی سند کے ساتھ اوپر تک بیان ہوئی۔

## ثم یوتی عثمان بن عفان

پھر تیسرے نمبر پر حضرت عثمان غنی کو محشر کے میدان میں لایا جائے گا

## وأوداجه تشخب دماً

اور آپ کی رگوں سے بھی خون بہہ رہا ہوگا۔

## فیقال من فعل بك هذا؟

آپ سے یہ کام کس نے کیا کس نے یہ ظلم کیا۔

## فیقول فلان وفلان

فلاں فلاں کے ساتھ آپ جواب دیں گے کہ فلاں فلاں نے مجھ پہ حملہ کیا، شہید کیا۔

فیوقف بین یدی الله تعالی

آپ کو بھی اللہ تعالی کے سامنے لا کے کھڑا کیا جائے گا.........

فیحاسب حساباً یسیراً

آپ کا امتحان بھی سخت نہیں ہوگا۔

یعنی امتحان میں ایسی کوئی چیز نہیں ہوگی کہ کوئی مسئلہ بن جائے آپ کا کردار بھی روشن ہے یہ مطلب ہے

فیحاسب حساباً یسیراً

آسانی سے آپ کا حساب بھی مکمل ہو جائے گا۔

ویکسی حلتین خضراوتین

آپ کو بھی دو سبز پوشاکیں پہنائیں جائیں گی

ثم یوقف امام العرش

پھر عرش کے سامنے خاص جگہ پر آپ کی جلوہ نمائی ہوگی۔

یہ اس رافضی کے مناظرے کے اختتامی لمحات میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرما رہے ہیں۔ کہتے ہیں

ثم یدعی علی بن طالب

چوتھے نمبر پر مولا علی علی بن طالب رضی اللہ تعالی عنہ کو بلایا جائے گا

فیأتی وأوداجه تشخب دماً

آپ آئیں گے تو آپ کی رگوں سے بھی خون بہہ رہا ہوگا

فیقال من فعل بك هذا؟

کہا جائے گا کس نے آپ پر یہ ظلم کیا؟

فیقول: عبد الرحمن بن ملجم

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ عبد الرحمن بن ملجم نے مجھ پر حملہ کیا اور شہید کیا

فیوقف بین یدی اللہ تعالی

تو آپ کو بھی اللہ تعالی کے سامنے اعزاز سے کھڑا کیا جائے گا

ویحاسب حساباً یسیراً

آپ کا حساب بھی بڑا آسان طریقے سے حل ہو جائے گا کوئی ایسی شی نہیں جو مسئلہ create (پیدا) کرے۔

ویکسی حلتین خضراوتین

پھر آپ کو بھی دو سبز پوشاکیں پہنائی جائیں گی۔

یہ سبز رنگ چار یاروں کا رنگ ہے، سیاہ نہیں۔ سبز پوشاکیں چاروں کو پہنائی جائیں گی۔

ویوقف امام العرش

اور انہیں بھی عرش کے سامنے اکٹھے کھڑا کیا جائے گا۔

لوگ ساری زندگی ان میں تفریق کرتے کرتے گزار دیتے ہیں کہ یہ اکٹھے نہیں ہیں، ان کی آپس میں دشمنی ہے معاذ اللہ۔ تو اللہ رب العزت قیامت کے دن بھی انہیں اکٹھا کھڑا کرے گا اور چاروں عرش کے سامنے اکٹھے ہوں گے۔

اب جس وقت حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ نے یہ حدیث بیان کی

## قَالَ رجلٌ

وہ رافضی پھر بولا

ابھی تک وہ زہر باقی تھا۔ کہتا ہے

یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ هٰذَا فِي الْقُرْآنِ؟

یہ جو کچھ آپ نے بیان کیا حدیث کی شکل میں کیا قرآن میں بھی یہ ہے؟

قال: نعم۔

حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا ہاں قرآن میں بھی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: وَجِيْءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَاءِ۔ [1]

لایا جائے گا نبیوں کو اور لایا جائے گا شہداء کو

حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ اس شہداء کے اندر

ابو بکر و عمر و عثمان و علی

ان چار یاروں کا ذکر ہے۔

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ

یہ قرآن مجید میں ان کے محشر کا ذکر ہے۔

## رافضی کی رافضیت سے توبہ

جب امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بات کی تو اب رافضی گر گیا

فقال الرافضی: یابن رسول اللہ، أیقبل اللہ توبتی

رافضی کہتا ہے: رب اب میری توبہ قبول کرلے گا

(۱) پارہ:، سورۃ الزمر، الآیۃ:79۔

مما كنت عليه من التفريق بين أبي بكر و عمر و عثمان و علي

جو میں نے آج تک ان تینوں خلفاء کے بارے زہر اگلا اور جو میں گندہ عقیدہ رکھتا رہا ہوں اور میں آپ سے بھی آ کے الجھا ہوں اور میں ان میں جو تفریق کرتا تھا کہ وہ تین علیحدہ پارٹی ہیں اور مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک علیحدہ پارٹی ہیں، میں مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے درمیان میں جو اختلاف بتاتا تھا کہ یہ جدا جدا ہیں۔

اور میں اس بنیاد پر جو ظاہر کرتا تھا میرا مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پیار ہے میں ان تینوں کو نہیں مانوں گا اور ان کے خلاف میں بولتا تھا یہ آج تک میں نے جو جرم کیا اب میں اس سے واپس آنا چاہتا ہوں، اب میں اس سے توبہ کرتا ہوں تو کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟

قال نعم

تو حضرت امام جعفر صادق نے کہا اللہ قبول کر لے گا۔

تو اس سے ایک تو یہ پتہ چلا کہ یہ مکالمہ، مناظرہ اظہار حق کے لیے یہ سنت ہے، سنت الٰہی بھی ہے، سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے، سنتِ صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی ہے، سنت اہل بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی ہے۔

اب اگر یہ بندہ آتا تو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے کہ میں نے تجھ سے بولنا نہیں، میں نے تجھ سے کلام نہیں کرنا اگر چہ ان کی نگاہ تو ہزاروں ولیوں سے اونچی نگاہ تھی نظر سے بھی بہت کچھ کر سکتے تھے لیکن یہ جو لفظوں کا علم ہے اس کے اندر آ کر اس کی اصلاح کی۔

اور پھر یہ بھی کیا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں: ہمارے دربار میں جو بھی آ جائے قبول

ہے کوئی روک ٹوک نہیں تو انہیں پتہ ہونا چاہیے کہ یہ ان لوگوں کی ہستی ہے جو جیسا آئے ویسا جانے نا دے اور اس سے ایوارڈ وصول نہ کریں بلکہ اس کی مرمت کریں، اچھی طرح اس کو سمجھائیں اور اسے ویسا نہ جانے دیں بلکہ اسے توبہ تک پہنچائیں یا کم از کم اس کو ندامت تو ہو وہ سوچنے پر مجبور تو ہو۔

جیسے اب یہ شخص آیا تھا تو گندا تھا، اندھا تھا اب اس کو نور ملا، آنکھیں ملیں آیا تھا جہنمی تھا اب جنتی بنا۔

تو یہ اللہ والوں کا کام ہے کہ اس کو اتنا موقع دیا کہ جتنا پوچھنا چاہتا ہے پوچھتا جائے۔ یہ اس کو آگے سے جواب دیتے گئے اور یہاں پر جا کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

## باب التوبۃ مفتوح

توبہ کا دروازہ کھلا ہے، تیرے لیے بھی کھلا ہے توبہ کر لے۔

## فأكثر من الاستغفار لهم

تو آج تک ان ہستیوں کے خلاف بڑی بکواس کی ہے اب اس کا کفارہ دے، ان کے لیے درود و سلام پڑھ اور ان کے رفع درجات کی دعائیں مانگ۔

## مخالفت خلفائے ثلاثہ پہ موت کا انجام

اور ساتھ فرمایا کہ میں تمہیں یہ بتانا چاہتا ہوں

## أما انك لو مت وأنت مخالفهم

اگر تو اس حالت میں مرا کہ تو ان ہستیوں کے خلاف ہے تو حقیقت میں تو مولا علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھی خلاف ہے اگرچہ تو سمجھتا ہے تو ان کا محب ہے۔

کیونکہ اگر تو خلفائے ثلاثہ کے خلاف ہے تو

مُتَّ علی غیرِ فطرۃ الاسلامِ

پھر تو فطرت اسلام پہ نہیں مرا، مسلمان ہو کے نہیں مرا تو غیر مسلم مرا

اگر فطرت اسلام پہ مرنا ہے تو چاروں کو مان اور چاروں کا ادب کر۔

وکانت حسناتك مثل أعمال الكفار هباءً منثوراً

اگر تو اس حالت میں مر گیا کہ جس حالت میں تو میرے پاس آیا تھا کہ تیرے دل میں خلفائے ثلاثہ کا بغض ہے اور تو مناظرے کرتا پھر رہا ہے تو بظاہر جتنے تو نے نیک کام کیے ہوئے ہیں قیامت کے دن تجھے اس سے اس کا ایک ذرہ بھی اجر نہیں ملے گا۔

تیرے نیک کام یوں ہی ہوں گے جیسے کافروں کے ہوتے ہیں

مثل اس فرمان کے

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۔[1]

کافر جو مسجد حرام کی اینٹیں بھی لگا تا رہے، حاجیوں کو پانی بھی پلاتا رہے اسے کچھ نہیں ملے گا۔

كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً ۔[2]

کافر ہزاروں لوگوں کو صبح و شام کھانا کھلائے کہ غریب ہیں ان کے پاس کھانا کھانے کے لیے کچھ نہیں اور یہ کھانا کھلا رہا ہے تو قیامت کے دن اس کے لیے ایک ذرہ بھر بھی ثواب نہیں ہوگا۔

---

(۱) پارہ:10، سورۃ التوبۃ، الآیۃ:19۔

(۲) پارہ:18، سورۃ النور، الآیۃ:39۔

وہ یہ سمجھتا ہے کہ میں بہت کچھ کر رہا ہوں جبکہ قرآن کہتا ہے وہ یوں ہی ہے جیسے دوپہر کے وقت ریت کا صحرا ہو جو کرنیں پڑنے سے ایسے لگتا ہے کہ جیسے ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے اور قریب جائیں تو ایک قطرہ بھی نہیں ہوتا۔

فرمایا اس طرح تیرے اعمال ہوں گے اور پھر

**هباءً منثوراً**

